2711-کرنسی کی تبدیلی

سوال

ایک کرنسی سے دوسری کرنسی میں تبدیل کردہ مال کا حکم کیا ہے ؟ مثلامیں سعودی ریال میں تنخواہ وصول کرتا ہوں اوراسے سوڈانی ریال میں تبدیل کروالیتاہوں ، یہ علم میں رکھیں کہ ایک سعودی ریال تین سوڈانی ریال کے برابر ہے کیا یہ سود تونہیں ؟

پسندیدہ جواب

ایک ملک کی نقد کرنسی کا دوسرے ملک کی نقدی سے تبدیل کروانا جائز ہے ، اگرچہ جنس کے اختلاف کی بنا پر اس کی مقدار میں فرق بھی ہو، جیساکہ سوال میں مذکورہ مثال میں بھی بیان ہوا ہے ، اس کے جواز کی ایک شرط ہے کہ مجلس میں ہی کرنسی یا پھر چیک ، یاڈرافٹ کے پیپر وغیرہ اپنے قبضہ میں کرلیے جائیں تواس کا حکم بھی مجلس میں قبضہ کا ہی ہوگا .

اللہ تعالی ہی توفیق بخشنے والاہے ، اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم اوران کی آل پراپنی رحمتیں نازل فرمائے .